لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد/اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار
Daily Nai Baat
روزنامہ نئی بات کراچی
چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمٰن

# لینڈ مارک اسپننگ انڈسٹریز لمیٹڈ

## انتیسواں (29) سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ لینڈ مارک اسپننگ انڈسٹریز لمیٹڈ کا انتیسواں (29) سالانہ اجلاس عام بدھ 28 اکتوبر 2020ء کو صبح سوا دس بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ فلور کاٹن ایکسچینج بلڈنگ آئی آئی چندریگر روڈ کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

**عمومی امور:**

1 اٹھائیسویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 26 اکتوبر 2019ء کی کارروائی کی توثیق۔

2 30 جون 2020ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

3 30 جون 2021ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہیرہ کا تعین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے آڈٹ کمیٹی کی سفارشات پر سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز پارکر رانڈال اے جے ایس چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی تقرری کی تجویز دی ہے۔

**دیگر امور:**

4 چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

کراچی — **یوسف نورانی**

**مورخہ 6 اکتوبر 2020ء** — کمپنی سیکرٹری

نوٹ:

1 کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 21 اکتوبر 2020ء تا 28 اکتوبر 2020ء (دونوں دن شامل) بندرہیں گی۔
کمپنی/ہمارے سینئر رجسٹرار ایف ڈی رجسٹرار سروسز ایس ایم سی (پرائیویٹ) لمیٹڈ 1705، سترھویں منزل صائمہ ٹریڈ ٹاور اے آئی آئی چندریگر روڈ کراچی میں 16 اکتوبر 2020ء کو اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں بروقت سمجھی جائیں گی۔

2 پروکسی کی تقرری اور سالانہ اجلاس عام میں شرکت۔

i) اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر دوسرے ممبر کو اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کیلئے اپنا پروکسی مقرر کر سکتا ہے۔

ii) سادہ پروکسی فارم نوٹس ہذا کے ہمراہ ممبران کو فراہم کیا جا رہا ہے۔ پروکسی فارم کی مزید کاپیاں اوقات کار کے دوران کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

iii) ہر لحاظ سے مکمل پروکسی فارم اور پاور آف اٹارنی یا دیگر دستاویز (اگر ہو تو) یا پاور آف اٹارنی کی تصدیق شدہ کاپی اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں مل جانے چاہئیں۔ پروکسی فارم کے ہمراہ ممبر اور پروکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں منسلک کرنی ہونگی۔

iv) کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ پروکسی فارم کے ساتھ منسلک کرنا ہوگا۔

v) فزیکل شیئر ہولڈرز اور سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) میں رجسٹرڈ شیئرز کے حامل ممبران اور ان کے پروکسیوں کو اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کیلئے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں پیش کرنا ہونگے۔

3 ممبران سے درخواست ہے کہ پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر شیئر رجسٹرار مسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز ایس ایم سی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کریں۔

4 جن ممبران نے ابھی تک تازہ سی این آئی سی کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی معہ فولیو نمبر جمع نہیں کرائی ہے۔ ان سے گزارش ہے جلد از جلد کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو براہ راست پیش کردیں۔

5 30 جون 2020ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کی سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ لنک http://www.landmarkspinning.com پر جاری کردی گئی ہے۔

6 30 جون 2020ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کی سالانہ رپورٹ حصص یافتگان کو ارسال کی جا رہی ہے تاہم کسی شیئر ہولڈر کو سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی مزید ہارڈ کاپیاں مطلوب ہوں تو درخواست پر سات روز کے اندر بلامعاوضہ فراہم کردی جائیں گی۔ اسٹینڈرڈ ریکوئسٹ فارم کمپنی کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہے۔

7 کم از کم دس فیصد یا زائد حصص فی کس کے حامل ممبران کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کیلئے وڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کی جائیگی۔ متعلقہ شہر میں مذکورہ سہولت کی دستیابی کی صورت میں اور اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم سات روز قبل درخواست موصول ہونے پر متعلقہ حصص یافتگان کو یہ سہولت فراہم کی جائے گی۔ درخواست فارم اس مقصد کیلئے کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔